فون 99212639

ڈائریکٹر پبلک سندھ پولیس آفس

امریکن قونصلیٹ جنرل نے INL کی جانب سے سندھ پولیس کو ٹرکس بلٹ پروف جیکٹس و ہیلمٹس فراہم کیے

کراچی، 22 ستمبر سنہ 2014ء۔ امریکن قونصل جنرل برائن ہیتھ (BRIAN HEATH) اور بیورو آف انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لاء انفورسمنٹ افیئرز برائے یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ (INL) کی جانب سے سنٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سادہ اور پروقار تقریب میں آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی کو سندھ پولیس کے لیے چھ ٹرکس اور ایک ہزار بلٹ پروف جیکٹس و ہیلمٹس فراہم کیے۔

قونصل جنرل نے بتایا کہ فراہم کی جانے والی گاڑیوں کی مجموعی مالیت ایک لاکھ چھبیس ہزار ڈالر ہے جبکہ 16 لاکھ ڈالر مالیت کی اسلحہ سے متعلق معلومات کی مربوط جانچ کا نظام (IBIS) بھی فراہم کیا گیا ہے۔ سنہ 2011 سے لیکر اب تک امریکی حکومت نے سندھ پولیس کو 32 ملین ڈالر سے زائد مالیت کی بکتر بند گاڑیاں تحقیقاتی سامان، بلٹ پروف جیکٹس، ہیلمٹس اور جی پی ایس فراہم کیا ہے۔ علاوہ ازیں مذکورہ ڈیپارٹمنٹ نے کراچی میں خواتین کے تین پولیس اسٹیشنوں کے قیام میں بھی معاونت کی ہے۔

تقریب سے خطاب میں قونصل جنرل نے کہا کہ خصوصی طور پر سندھ پولیس کی خواتین افسران کے لیے فراہم کی گئی مذکورہ گاڑیاں مختص کردہ 12 گاڑیوں کی پہلی قسط ہے۔ جبکہ سندھ پولیس کو فراہم کردہ آئی بی آئی ایس ایک ایسا جدید نظام ہے جو فارنزک ڈویژن سندھ پولیس کے تحت نا صرف اسلحہ سے متعلق تفتیشی امور میں کارآمد تفصیلات کا احاطہ کریگا بلکہ فارنزک سائنس کے طریقوں پر مشتمل تفتیشی صلاحیتوں کو بھی فروغ دیگا۔

انہوں نے کہا کہ آئی این ایل (INL) سندھ پولیس کی تفتیشی صلاحیتوں میں اضافے، انسانی حقوق کی پاسداری، افسران کی ٹیکنالوجی و فارنزک سائنس پر مشتمل تربیتی اقدامات کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور مزید بہتر کرنے جیسے تمام ضروری امور میں معاونت کریگا۔ جبکہ INL کی معاونت سے کراچی میں قائم کیے گئے تین خواتین پولیس اسٹیشنوں کو کمیونیکیشن آلات، فرنیچر، فرسٹ ایڈ کٹس، کوسٹر، بسز وین اور پک اپ ٹرکس کی فراہمی میں بھی ہر ممکن معاونت کی ہے۔

آئی جی سندھ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آئی این ایل اور سندھ پولیس کے باہمی اشتراک پر مشتمل امور سے سندھ پولیس کا ایک نیا تربیتی نظام فروغ پائیگا جس سے بلاشبہ پولیس کی آپریشنل و انویسٹی گیشن سے متعلق استعدادی صلاحیتوں میں نا صرف اضافہ ہوگا بلکہ صوبے بھر میں امن و امان کی صورتحال میں بھی نمایاں بہتری آئیگی۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ / سی آئی ڈی سعود مرزا، ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو سمیت، ہیڈ کوارٹرز سندھ، کرائم برانچ، ٹریننگ برانچ، اسپیشل برانچ کے ڈی آئی جیز و دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔

#